**08.01.2025**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شبانہ بیگم
Music

........................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے آندھراپردیش کیلئے 2 لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔ انہوں نے کہا کہ NDA حکومت ریاست میں سب کی شمولیت والی اور مجموعی ترقی کیلئے پُرعزم ہے۔

☆ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اور مالدیپ کے اُن کے ہم منصب محمد غسان مامون نے نئی دلّی میں دو طرفہ بات چیت کی۔ طرفین نے باہمی دفاعی اشتراک کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا۔

☆ ایک ملک ایک چناؤ سے متعلق دو بلوں پر مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کی پہلی میٹنگ آج نئی دلّی میں ہوئی۔

☆ انڈیا AI نے ملک میں مصنوعی ذہانت کو اختیار کیے جانے اور اس کے فروغ کی خاطر مائیکرو سافٹ کے ساتھ ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیے ہیں۔

☆ امریکہ کے لاس اینجلس میں جنگل میں آگ کی وجہ سے تقریباً ایک لاکھ باشندگان کو نقل مکانی پر مجبور ہونا پڑا ہے۔

☆ اور...... بیڈمنٹن میں کوالالمپور میں بھارت کے بیڈمنٹن کھلاڑی ایچ ایس پرنائے، ملیشیا اوپن کے مردوں کے سنگلز کے پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

........................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

### *PM Andhra Pradesh Visit*

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج آندھرا پردیش کیلئے 2 لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔ وشاکھاپٹنم میں آندھرا یونیورسٹی انجینئرنگ کالج کے میدان میں ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ آج آندھرا پردیش میں ماحولیات کیلئے سازگار توانائی کے اقدامات اور بنیادی ڈھانچے کی ترقی کے پروجیکٹوں کا آغاز کیا جانا، ریاست کیلئے انتہائی اہمیت کا حامل دن ہے۔

2100- PM Andhra

انھوں نے کہا کہ ان کی حکومت آندھرا پردیش کی ترقی کیلئے عہد بستہ ہے۔ انھوں نے کہا کہ سوئرن آندھرا پردیش 2047، وکست بھارت 2047 کا اٹوٹ حصہ ہے۔

انھوں نے کہا کہ آندھرا پردیش ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کا مرکز ہے اور NDA حکومت، آندھرا پردیش کے 2047 تک ڈھائی ٹریلین ڈالر کی معیشت بننے کے خواب کو حقیقت میں بدلنے کیلئے ریاست کی ہر ممکن مدد کرے گی۔ انھوں نے کہا کہ ان کی حکومت ریاست میں شمولیت والی اور سبھی کی مکمل ترقی کو یقینی بنانے پر عہد بستہ ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ گرین ہائیڈروجن پروجیکٹ اور بلک ڈرگ پارک، ریاست میں صنعتی ترقی اور روزگار پیدا کرنے کے عمل کو رفتار عطا کریں گے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ کرشنا پٹنم صنعتی پارک سٹی (CKRIS) ہزاروں کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کو راغب کرے گا اور آندھرا پردیش کے رائل سیما خطے کی ترقی کو یقینی بنائے گا۔

2100- PM KRIS

اس سے پہلے آج وشاکھاپٹنم میں اپنی آمد کے بعد جناب مودی نے آندھرا پردیش کے وزیر اعلیٰ این چندرا بابو نائیڈو اور نائب وزیر اعلیٰ پون کلیان کے ہمراہ ایک روڈ شو بھی کیا۔

وزیر اعظم نے مسرت کا اظہار کیا کہ وشاکھاپٹنم میں جنوب ساحلی ریلوے زون کے ہیڈکوارٹر کی تعمیر سے، آندھراپردیش میں ریلوے زون کا دیرینہ خواب شرمندۂ تعبیر ہوگیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ اس سے خطے میں سیاحت کو فروغ حاصل ہوگا۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ NDA حکومت سمندری معیشت کی مکمل صلاحیت کو بروئے کار لانے کیلئے آندھرا پردیش کی ہر ممکن مدد کرے گی۔

وزیر اعظم نے 4 ہزار 593 کروڑ روپے مالیت کے سڑک تعمیر اور توسیع کاری کے 10 پروجیکٹوں کا بھی سنگ بنیاد رکھا۔

وزیر اعظم نے تیروپتی ضلع میں 2 ہزار 139 کروڑ روپے مالیت کے کرشنا پٹنم صنعتی پارک (KRIS) سٹی کا سنگ بنیاد رکھنے کے ساتھ وشاکھاپٹنم میں جنوبی ساحلی ریلوے زون ہیڈکوارٹرز کی تعمیر کا بھی سنگ بنیاد رکھا نیز وشاکھاپٹنم کے نزدیک Nakkapalli میں ایک ہزار 877 کروڑ روپے کی مالیت کے Bulk Durg Park کا بھی سنگ بنیاد رکھا۔

اس موقع پر وزیر اعظم نے رائل سیما خطے میں 5 ہزار 718 کروڑ روپے کی لاگت سے تین ریلوے لائنوں اور 3 ہزار 49 کروڑ روپے مالیت کے 7 سڑک پروجیکٹوں کو قوم کے نام وقف کیا۔ x

***Rajnath Maldive***

وزیردفاع راجناتھ سنگھ اور مالدیپ کے اُن کے ہم منصب محمد غسان مامون نے آج دو طرفہ دفاعی اشتراک کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا، جس میں تربیت، مسلسل فوجی مشقیں اور دفاعی پروجیکٹ شامل ہیں۔ یہ باہمی بات چیت آج نئی دلّی میں ہوئی۔ بات چیت کے دوران طرفین نے بھارت- مالدیپ جامع اقتصادی اور بحری سلامتی سے متعلق شراکت داری کے مشترکہ نظریے کیلئے مل کر کام کرنے کے پختہ عزم کا اعادہ کیا۔

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے دفاعی تیاریوں کی خاطر صلاحیت میں اضافے کے سلسلے میں مدد کیلئے بھارت کی رضامندی کو دوہرایا، جس میں مالدیپ کی ترجیحات اور بھارت کی پڑوس مقدم کی پالیسی کے مطابق مالدیپ کو دفاعی پلیٹ فارم فراہم کرنا اور اُس کی صلاحیتوں میں اضافہ کرنا شامل ہے۔

جناب مامون نے مالدیپ کیلئے مدد کی خاطر سب سے پہلے ملک کے طور پر بھارت کے تاریخی رول کی ستائش کی۔ انہوں نے جدید بنیادی ڈھانچے اور دفاعی اور سکیورٹی اہلکاروں کی تربیت میں مالے کی مدد کرنے کیلئے بھارت کا شکریہ ادا کیا۔ مالدیپ کی درخواست پر بھارت نے مالدیپ کو دفاعی ساز و سامان اور اسٹور سونپے ہیں۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب سنگھ نے کہا کہ بات چیت سود مند رہی اور اِس سے بھارت-مالدیپ تعلقات مزید مستحکم ہوں گے۔ مالدیپ کے وزیر دفاع بھارت کے تین روزہ دورے پر ہیں۔ x

## Prez Visit

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، کل سے میگھالیہ اور اڈیشہ کے دورے پر رہیں گی۔ صدر جمہوریہ، میگھالیہ میں Umiam میں شمال مشرقی پہاڑی خطے کیلئے ICAR تحقیقی کمپلیکس کی گولڈن جبلی تقریبات میں شرکت کریں گی۔

10 جنوری کو اڈیشہ کے بھوبنیشور میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو 18 ویں پرواسی بھارتیہ دیوس کنونشن کے اختتامی اجلاس میں شرکت کریں گی اور پَرواسی بھارتیہ سمّان ایوارڈز عطا کریں گی۔x

## Eve JPC One Nation One Election

ایک ملک ایک الیکشن سے متعلق دو بلوں پر مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کی پہلی میٹنگ آج نئی دلّی میں منعقد ہوئی۔ بلوں کو باضابطہ طور پر آئین (129 واں ترمیمی بل2024 اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے متعلق قوانین (ترمیمی بل 2024 کا نام دیا گیا ہے۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے کمیٹی کے چیئرپرسن اور BJP کے پارلیمانی رکن پی پی چودھری نے کہا کہ کمیٹی تمام متعلقہ فریقین کو سننے کی کوشش کرے گی خواہ وہ قانونی ماہرین ہوں، سول سوسائٹی، عدلیہ یا سیاسی پارٹیوں کے ممبران ہوں۔ انھوں نے مزید کہا کہ تمام اراکین کی رائے حاصل کرنے کے بعد کمیٹی اس سلسلے میں مزید پیش رفت کے بارے میں فیصلہ کرے گی۔ میٹنگ کے دوران قانون و انصاف کی وزارت (قانون ساز محکمہ) کے نمائندوں نے مجوزہ قوانین کی دفعات کے بارے میں اراکین کو واقف کرایا۔

39 نفری کمیٹی میں لوک سبھا سے 27 اور راجیہ سبھا سے 12 ارکان شامل ہیں۔ کمیٹی اپنی رپورٹ اگلے پارلیمانی اجلاس کے آخری ہفتہ کے پہلے دن پیش کرے گی۔ پینل میں لوک سبھا کے دیگر ممبران میں BJP رہنماؤں پی پی چودھری، انوراگ سنگھ ٹھاکر اور پرشوتم بھائی روپالا، کانگریس رہنما پرینکا گاندھی اور منیش تیواری، TMC کے کلیان بینرجی، NCP (SP) کی سپریا سولے شامل ہیں۔

مشترکہ پارلیمانی کمیٹی میں راجیہ سبھا سے BJP کے گھنشیام تیواری، Bhubaneswar Kalita اور کے۔ لکشمن، کانگریس کے مُکل واسنگ اور JDU کے سنجے کمار جھا اور YSR کانگریس کے وی وجیا سائی ریڈی شامل ہیں۔ x

**Akashwani DD Songs**

اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے آج نئی دلّی میں مہا کنبھ 2025 کیلئے آکاشوانی اور دوردرشن کے ایک خصوصی نغمے کا آغاز کیا۔

SB - 2100 - Mahakumbh Song

پرسار بھارتی چیئرمین نونیت سہگل، پرسار بھارتی CEO گورو دیویدی ، دوردرشن کی ڈائریکٹر جنرل کنچن پرساد اور آکاشوانی کی ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر پرگیہ پالیوال گوڑ بھی اِس موقع پر موجود تھیں۔

مہا کنبھ 2025 ، تیرہ جنوری سے 26 فروری تک پریاگ راج میں منعقد ہوگا۔

SB-2100-Mahakumbh Montage-Open/CLG

**Prayagraj Airport New Terminal**

شہری ہوا بازی کے مرکزی وزیرِ مملکت مرلی دھر Mohol نے کہا ہے کہ پریاگ راج ایئرپورٹ کی نئی ٹرمنل عمارت 15 جنوری سے کام کرنے لگے گی۔ مرکزی وزیرِ مملکت نے یہ بات آج پریاگ راج ایئرپورٹ کے معائنے اور پریاگ راج میں افسران کے ساتھ ایک جائزہ میٹنگ کے بعد کہی۔ جناب Mohol نے کہا کہ رات میں طیاروں کے اترنے کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے اور اگر ضرورت پڑی تو مسافروں کی سہولت کے مطابق پروازوں کی تعداد میں بھی اضافہ کیا جائیگا۔

SB - 2100 - Murlidhar Mohol

مرکزی وزیرِ مملکت نے مطلع کیا کہ اہلکاروں کو خصوصی توجہ دیئے جانے کی ہدایات دی گئی ہیں تاکہ مہاکنبھ میں آنے والے عقیدتمندوں کو ہوائی اڈے پر کسی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

پریاگ راج کے اپنے دورے کے دوران جناب Mohol نے کنبھ میلے کے علاقے کا بھی دورہ کیا اور سنگم میں اشنان کیا۔ پریاگ راج میں مہا کنبھ 13 جنوری سے شروع ہوگا اور 26 فروری 2025 تک جاری رہے گا۔ x

**NCC Air Chief**

فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل امر پریت سنگھ اور نیشنل کیڈٹ کور کے ڈائریکٹر جنرل گُربیر پال سنگھ نے آج نئی دلّی میں یومِ جمہوریہ 2025 کے کیمپ میں حصہ لینے والے NCC افسران اور کیڈٹ سے بات چیت کی۔ فضائیہ کے سربراہ نے NCC کیڈٹس کی حوصلہ افزائی کی اور یومِ جمہوریہ کے کیمپ میں اُن کے شامل ہونے کی ستائش کی۔ آکاشوانی نیوز سے خصوصی بات چیت میں NCC کیڈٹس نے یومِ جمہوریہ کی پریڈ کا حصہ بننے پر جوش و خروش کا اظہار کیا۔

2100- NCC VOX POP

اِس سال ایک ماہ طویل کیمپ میں سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے کُل 2 ہزار 361 کیڈٹس حصہ لے رہے ہیں، جن میں 917 خاتون کیڈٹس ہیں۔ x

**Ashwini - Jammu - Srinagar**

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے آج قانونی معائنوں کے ساتھ جموں اور سری نگر کو جوڑنے والی ریلوے لائن کے کام کی تکمیل کا اعلان کیا۔ نئی دلّی میں میڈیا سے اظہارِ خیال کرتے ہوئے، وزیر موصوف نے اِس حصولیابی کو بھارتی ریلویز کیلئے ایک تاریخی لمحہ قرار دیا۔ انہوں نے جموں و کشمیر میں کنیکٹی ویٹی اور ترقی کیلئے یکسر تبدیلی لانے والا قرار دیتے ہوئے ، اِس پروجیکٹ کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ 215 کلومیٹر کے نیٹ ورک تک رسائی والی سڑکیں بھی تعمیر کی گئی ہیں۔ وزیر موصوف نے چناب دریا پر 359 میٹر کی اونچائی پر دنیا کے سب سے اونچے مہراب والے ریلوے پل کی تعمیر کے بارے میں بھی بتایا۔ جناب ویشنو نے کہا کہ جدید وندے بھارت ایکسپریس ٹرین، اِس نئے روٹ پر چلے گی ، جس سے مسافروں کے سفر کے تجربے میں اضافہ ہوگا۔ x

## Sarbanand Sonowal

بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی گزر گاہوں کے مرکزی وزیر سربانند سونووال نے کہا ہے کہ کاندلہ میں دین دَیال پورٹ کی کارگو لے جانے کی صلاحیت 300 ملین میٹرک ٹن تک پہنچنے کے بعد یہ ایک بڑا ٹرمنل پورٹ بن جائے گا اور سبز ہائیڈروجن کے شعبے میں ملک کا ایک اہم مرکز ہوگا۔ جناب سونووال نے کاندلہ میں دین دَیال پورٹ اتھارٹی (DPA) میں متعدد پروجیکٹوں کا آغاز کیا۔ جناب سونووال نے دین دَیال پورٹ میں گرین ہائیڈروجن ایکسیلنس سینٹر کا سنگِ بنیاد رکھا اور کچرے کو کارآمد بنانے کے ایک پلانٹ اور کینڈریہ ودیالیہ کی ایک نئی عمارت سمیت مختلف پروجیکٹوں کا افتتاح بھی کیا۔

اِس موقع پر انہوں نے کاندلہ پورٹ پر 57 ہزار کروڑ روپے مالیت کے تعمیر کے دو نئے پروجیکٹوں کا بھی اعلان کیا۔

اِس میں 27 ہزار کروڑ روپے مالیت کا خلیج کے باہر ایک نیا بڑا ٹرمنل پورٹ اور 30 ہزار کروڑ روپے مالیت کا جہاز سازی کا ایک پروجیکٹ شامل ہے۔ x

## Rajasthan - Cold

راجستھان میں شدید سردی سے عام زندگی متاثر ہوئی ہے۔ گھنے کہرے کی وجہ سے ریل ، سڑک اور فضائی ٹریفک بھی متاثر ہوا ہے۔ محکمۂ موسمیات کے مطابق سیکر میں فتح پور آج سب سے ٹھنڈا مقام رہا، جہاں کم از کم درجۂ حرارت ایک ڈگری سیلسیس رہا۔

دوسا ، اودے پور ، بھلواڑہ ، چتوڑگڑھ ، ناگور ، سِروہی، سِیکر ، چُورو اور Kaurali سمیت 10 مقامات پر کم از کم درجۂ حرارت پانچ ڈگری سیلسیس درج کیا گیا ہے۔ ساتھ ہی ساتھ کئی مقامات پر دن کا درجۂ حرارت تقریباً 20 سے 25 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ آج صبح کئی علاقوں میں گھنا کہرا چھایا رہا، جس کی وجہ سے سڑک اور ریل ٹریفک متاثر ہوا ۔

اِس دوران کئی ضلعوں میں اسکولوں میں پہلی سے آٹھویں کلاس کے بچوں کیلئے چھٹیاں بڑھا دی گئی ہیں۔ اس کے ساتھ ہی آنگن واڑی مراکز بھی گیارہ جنوری تک بند رہیں گے۔

جے پور سے جتیندر دیویدی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ...

## India - EU

گیارہویں بھارت-یوروپی یونین انسانی حقوق سے متعلق مذاکرات آج نئی دلّی میں منعقد ہوئے۔ اِن مذاکرات کی مشترکہ طور پر صدارت خارجی امور کی وزارت میں (یوروپ مغرب) کیلئے جوائنٹ سکریٹری پیوش شری واستو اور بھارت کیلئے یوروپی یونین کے سفیر Herve Delphin نے کی۔ طرفین نے اس بات سے اتفاق کیا کہ سول سوسائٹی کے کارکنوں اور تنظیموں کی آزادی، خودمختاری اور تنوع کو محفوظ رکھنے کی ضرورت ہے اور صحافیوں جیسے دیگر متعلقہ فریقوں کا احترام کرتے ہوئے، اجتماع، اظہارِ رائے اور پرامن اجتماع کی آزادی کا تحفظ کیا جائے۔ x

## Bangladesh Passport

بنگلہ دیش کے پاسپورٹ اور اِمیگریشن کے محکمے نے سبکدوش وزیر اعظم شیخ حسینہ سمیت 97 افراد کے پاسپورٹ منسوخ کر دیے ہیں۔ یہ کارروائی جولائی کے مہینے میں گمشدگی کے معاملات اور ہلاکتوں میں اُن کے مبینہ طور پر ملوث ہونے کی پاداش میں کی گئی ہے۔

کل ڈھاکہ میں اعلیٰ صلاح کار کے نائب پریس سکریٹری ابوالکلام آزاد نے میڈیا کو بتایا کہ محکمے نے، اُن 22 افراد کے پاسپورٹ منسوخ کر دیے ہیں، جو جبراً گمشدگی کے معاملات میں ملوث تھے، جبکہ شیخ حسینہ سمیت 75 افراد کے پاسپورٹ جولائی کے مہینے میں ہلاکتوں میں ، اُن کے شامل ہونے کی وجہ سے منسوخ کئے گئے ہیں۔x

## Ukraine Drone Attack

یوکرین کی فورسز نے روس کے Saratov خطے میں ایک بڑا ڈرون حملہ کیا ہے، جس کے نتیجے میں ایک صنعتی ادارہ تباہ ہوگیا۔ یوکرین کی فوج کے جنرل اسٹاف نے بتایا ہے کہ اُس کی فورسز نے Engels میں روس کے تیل کے، اُس ڈپو پر حملہ کیا ہے، جو ہوائی اڈے کو ایندھن فراہم کرتا ہے۔ x

## China - Earthquake

مغربی چین کے تبت میں تباہ کن زلزلے کے بعد ہزاروں بچاؤ کارکن منجمد کردینے والی سردی میں زندہ بچ جانے والوں کی تلاش کررہے ہیں۔ اِس زلزلے میں کم از کم 126 افراد ہلاک ہوئے ہیں۔ Shigatse میں ایک شروعاتی جائزے کے مطابق تقریباً تین ہزار 609 گھر تباہ ہوگئے ہیں۔ سات اعشاریہ ایک شدت کا یہ زلزلہ کُل تبت کے سب سے مشہور خطے Tingri میں ماؤنٹ ایوریسٹ اور نیپالی سرحد سے تقریباً 75 کلومیٹر کی دوری پر آیا تھا۔ x

## US Fire

امریکہ میں، لاس اینجلس نے ہنگامی حالات کا اعلان کیا ہے کیونکہ صرف چند گھنٹوں میں ہی جنگل کی آگ 10 ایکڑ سے 2 ہزار 900 ایکڑ تک پھیل گئی ہے۔ مقامی کمیونٹی کی عمارتیں اور کاروبار آگ سے متاثر ہوئے ہیں یا

تباہ ہوگئے ہیں۔ یہ آگ گذشتہ شام آگ لگنے کی وجہ سے ہی پھیلی ہے۔ تقریباً 30 ہزار مکینوں کو انخلاء کے احکامات جاری کئے گئے ہیں اور میڈیا کی رپورٹس کے مطابق 13 ہزار سے زائد ڈھانچوں کو خطرہ لاحق ہے۔ آگ تیز ہواؤں سے مزید پھیل رہی ہے اور فائر فائٹرز، ان پہاڑی علاقوں میں آگ بجھانے کی کوشش کررہے ہیں، جو Santa Monica ، Venic Beach اور Malibu جیسے مشہور علاقوں کے قریب ہے، جو بااثر اور ممتاز شخصیات کے رہائشی علاقے کیلئے مشہور ہے۔x

### ***Malaysia Open Badminton***

بیڈمنٹن میں مایۂ ناز کھلاڑی ایچ ایس پرانائے، کوالالمپور میں ملیشیا اوپن کے مردوں کے سنگلز کے پری کوارٹر فائنل میں داخل ہوگئے ہیں۔ انھوں نے بارش سے متاثرہ میچ کے پہلے دور میں کناڈا کے Brain Yang کو 12-12، 12-21، 12-15 سے ہرایا۔ وہ کل، پری کوارٹر فائنل میں چین کے Shi Feng سے مقابلہ کریں گے۔

خواتین کے سنگلز میں بھارت کی Malavika Bansod بھی ٹورنامنٹ کے دوسرے دور میں پہنچ گئی ہیں۔ انھوں نے آج دوپہر سیدھے سیٹوں میں ملیشیا کی کھلاڑی Jin Wei Goh کو 21-15، 21-16 سے ہرایا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆